کر کے کتاب کی افادیت بڑھا سکتے ہیں۔

انوار الصفاء مؤلفہ محمد خصلت حسین صابری صفحات ۲۷۶۔ قیمت چار روپیہ۔ کاغذ نیوز پرنٹ۔ ناشر مکتبۂ معاویہ ۱/۲ بی ون ایریا لیاقت آباد کراچی ۱۹

صحابہ کرام اور اولیائے عظام کے احوال و اقوال سے پژمردہ دلوں کو تازگی اور ایمان کو جلاء مل جاتی ہے۔ ایسے لوگوں کی زندگی نشانِ راہ اور حکمت و معرفت کا ایک ایک لفظ مینارِ ہدایت بن جاتا ہے اور گم گشتگانِ راہ اپنی منزل پا لیتے ہیں، پیش نظر کتاب میں ممتاز صحابہ خلفاء راشدین، تابعین، تبع تابعین اور عالمِ اسلام کے مشاہیر اولیاء اور مشائخ کے مختصر حالات اور پُر حکمت ارشادات سلیس اردو میں جمع کئے گئے ہیں جس کا مطالعہ آنکھوں کو ٹھنڈک اور دلوں کو سکون بخشتا ہے۔

علمائے حق کا شیوہ مولانا احتشام الحق تھانوی، صفحات ۳۲۔ قیمت ۴۵ پیسے ناشر مکتبۂ اصلاح و تبلیغ ہیرآباد جامع مسجد روڈ حیدرآباد۔ حضرت مولانا احتشام الحق تھانوی کی ایک تقریر کتابی شکل میں جو آپ نے دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے اجتماع دستار بندی (۷، ۸ اکتوبر ۱۹۶۷ء) میں ارشاد فرمائی، یہ ایوبی دور تھا اور آپ نے مخصوص انداز میں فارغ التحصیل فضلاء کو علم کے تقاضوں اور نازک ذمہ داریوں پر متنبہ فرمایا۔ یہ تقریر ادارہ الحق نے من وعن قلمبند کر کے الحق میں شائع کرائی تھی اب مکتبۂ اصلاح و تبلیغ نے اسے زیادہ جاذب نظر بنا کر شائع کیا اور اس طرح اسکی افادیت عام کر دی۔

سائنس اور مسلمان حکیم آفتاب احمد قریشی ایم اے صفحات ۳۲۔ اس مختصر کتابچہ میں اس حقیقت کو پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ مسلمانوں نے سائنس کی ترویج میں کتنا اہم کردار ادا کیا؟ یہ پمفلٹ مکتبۂ ملّی۔ پی۔ او ۵۰۸۲ کراچی سے مفت طلب کیا جاسکتا ہے۔ مکتبۂ ملّی نہایت قابلِ قدر خدمات انجام دے رہا ہے۔

ماہنامہ البلاغ کراچی	ماہنامہ بیّنات کراچی
پر مغز مضامین۔ بصیرت افروز مقالے	علمی و دینی مجلّہ علوم و معارف کا ترجمان
سالانہ چندہ آٹھ روپے	سالانہ چندہ آٹھ روپے
دفتر البلاغ دارالعلوم کراچی ۱۴	مدرسہ عربیہ نیو ٹاؤن ـــ کراچی ۵